نارویجن زبان اور معاشرتی علوم کی مفت تربیت کا حق

ناروے میں آپ کا اقامتی اجازت نامہ آپ کو نارویجن زبان اور معاشرتی علوم کی مفت تربیت کا حق دلا سکتا ہے۔
آپ جس بلدیہ کے رہائشی پتے کے ساتھ پبلک رجسٹری میں رجسٹرڈ ہیں، جلد از جلد اس بلدیہ میں تعلیم بالغاں کے ادارے سے رابطہ کر کے تربیت لینے کی درخواست دیں یا اگر آپ چھوٹ پانا چاہتے ہیں تو چھوٹ پانے کی درخواست دیں۔
مفت تربیت کے لیے وقت کی حد تب سے شمار ہوتی ہے جب آپ کو اقامتی اجازت نامہ عطا ہوا یا آپ مؤثر اقامتی اجازت نامے کے ساتھ ناروے آئے۔ اگر آپ نے پہلے اپر سیکنڈری تعلیم حاصل نہ کی ہو تو آپ کو تین سال کا وقت ملتا ہے اور اگر آپ پہلے سے اپر سیکنڈری تعلیم مکمل کر چکے ہوں تو 18 مہینوں کا وقت ملتا ہے۔

نارویجن زبان اور معاشرتی علوم کی تربیت کا فرض

ناروے میں مستقل اقامتی اجازت نامہ اور/یا شہریت حاصل کرنے کے لیے آپ پر نارویجن زبان اور معاشرتی علوم کی تربیت حاصل کرنا لازم ہو سکتا ہے۔ اگر آپ نارویجن یا سامی زبان اور معاشرتی علوم کا کافی علم رکھنے کا ثبوت دے سکتے ہوں یا اگر آپ خاص صحت کی وجوہ یا چھوٹ ملنے کی دوسری اہم وجوہ موجود ہونے کا ثبوت دے سکتے ہوں تو آپ لازمی تربیت سے چھوٹ پانے کی درخواست دے سکتے ہیں۔

نارویجن زبان اور معاشرتی علوم کی تربیت کا حق اور فرض

تربیت کا حق اور فرض تب تک برقرار رہتا ہے جب تک آپ نارویجن زبان کی ایک کم از کم سطح حاصل نہ کر لیں۔ یہ سطح بلدیہ طے کرتی ہے۔ آپ کے یہ کم از کم سطح حاصل کر لینے تک تربیت مفت رہے گی۔ اگر آپ تربیت کے دوران رخصت پر چلے جائیں تو آپ کے تربیت میں شریک ہونے کے لیے وقت کی حد بڑھ جاتی ہے۔

عملی معلومات

اگر وقت کی حدوں یا حقوق سے متعلق آپ کا کوئی سوال ہو تو تعلیم بالغاں کے ادارے سے رابطہ کریں۔ آپ کو www.imdi.no اور www.udi.no پر بھی معلومات مل سکتی ہیں۔